# جوامع الکلم

یعنی

## چہل حدیث

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ

(مفتی اعظم پاکستان)

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی روشنی میں اعلیٰ اخلاق اور تہذیب وتمدن
کے زریں اُصول جن کو یاد کر کے ہر مسلمان بالخصوص مدارس/اسکول کے طلبہ وطالبات
ان شاء اللہ قیامت کے دن عالموں اور شہیدوں کی جماعت میں شامل ہو سکتے ہیں۔

مع

## چہل ادعیہ مسنونہ

از افادات:

حضرت مولانا عاشق الٰہی بلند شہری رحمۃ اللہ علیہ

مکتبۃ البشریٰ
کراچی۔ پاکستان

أُعطيتُ جوامع الكلم (الحديث)

# جَوَامِعُ الْكَلِمِ

یعنی

# چہل حدیث

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ

(مفتی اعظم پاکستان)

جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی روشنی میں اعلیٰ اخلاق اور تہذیب وتمدن
کے زریں اُصول جن کو یاد کرکے ہر مسلمان بالخصوص مدارس/اسکول کے طلبہ وطالبات
ان شاء اللہ قیامت کے دن عالموں اور شہیدوں کی جماعت میں شامل ہوسکتے ہیں۔

مع

# چہل ادعیہ مسنونہ

از افادات: حضرت مولانا عاشق الٰہی بلندشہری رحمۃ اللہ علیہ

مکتبۃ البشریٰ
للطباعۃ والنشر

| | |
|---|---|
| کتاب کا نام | : جوامع الکلم یعنی چہل حدیث |
| مؤلف | : حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ |
| تعداد صفحات | : ۲۴ |
| قیمت برائے قارئین | : =/۱۳ روپے |
| اشاعتِ اول | : ۱۴۳۱ھ / ۲۰۱۰ء |
| اشاعتِ جدید | : ۱۴۳۲ھ / ۲۰۱۱ء |
| ناشر | : مکتبۃ البشریٰ |

چوہدری محمد علی چیریٹیبل ٹرسٹ (رجسٹرڈ)

Z-3، اوورسیز بنگلوز، گلستان جوہر، کراچی۔ پاکستان

| | |
|---|---|
| فون نمبر | : +92-21-7740738، +92-21-34541739 |
| فیکس نمبر | : +92-21-4023113 |
| ویب سائٹ | : www.ibnabbasaisha.edu.pk |
| | www.maktaba-tul-bushra.com.pk |
| ای میل | : al-bushra@cyber.net.pk |
| ملنے کا پتہ | : مکتبۃ البشریٰ، کراچی۔ پاکستان +92-321-2196170 |
| | مکتبۃ الحرمین، اردو بازار، لاہور۔ پاکستان +92-321-4399313 |
| | المصباح، ۱۶- اردو بازار، لاہور۔ +92-42-7124656, 7223210 |
| | بک لینڈ، سٹی پلازہ کالج روڈ، راولپنڈی۔ +92-51-5773341,5557926 |
| | دار الإخلاص، نزد قصہ خوانی بازار، پشاور۔ پاکستان +92-91-2567539 |
| | مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ، کوئٹہ۔ +92-91-2567539 |

اور تمام مشہور کتب خانوں میں دستیاب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسول مقبول[۱] صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''جو شخص میری امت کے فائدے کے واسطے دین کے کام کی چالیس حدیثیں سنائے گا اور حفظ[۲] کرے گا، خدا تعالیٰ اس کو قیامت کے دن عالموں اور شہیدوں کی جماعت میں اٹھائے گا اور فرمائے گا کہ جس دروازے سے چاہے جنّت میں داخل ہو جاؤ۔''[۳] اس عظیم الشان ثواب کے لئے سینکڑوں علمائے امت نے اپنے اپنے طرز پر چہل حدیث لکھیں جو مقبول و مفیدِ عام ہوئیں۔

میری حیثیت اور حوصلہ سے بہت زیادہ تھا کہ اس میدان میں قدم رکھتا، لیکن جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مختصر سوانحِ حیات **سیرت خاتم الانبیاء** اس غرض سے لکھی کہ مبتدیوں اور عورتوں کو پڑھائی جائے، تو مناسب معلوم ہوا کہ آخر میں کچھ احادیث کے مختصر جملے بھی درج کئے جائیں جن کو مبتدی بھی یاد کر سکیں۔

---

۱ رواه ابن عدي عن ابن عباس رضي الله عنهما وابن النجار عن أبي سعيد رضي الله عنه. كذا في الجامع الصغير.

۲ حفظِ حدیث کے دو طریق ہیں: ۱۔ زبانی یاد کر کے لوگوں کو پہنچادے، یا ۲۔ لکھ کر شائع کر دے۔ اس لئے وعدۂ حدیث میں وہ لوگ بھی داخل ہیں جو چہل حدیث طبع کرا کر شائع کرتے ہیں۔ اس صورت میں چہل حدیث کا ہر نسخہ اس عظیم الشان ثواب کا مستحق بنا دیتا ہے۔ اس قدر سہل الوصول اور عظیم الشان ثواب سے بھی اگر کوئی محروم رہے تو اس کی قسمت۔

۳ قال الإمام النووي رحمه الله في أول أربعينه: " قد روينا عن علي و ابن مسعود ومعاذ بن جبل وأبي الدرداء وابن عمر وابن عباس وأبي هريرة وأبي سعيد الخدري رضي الله عنهم من طرق كثيرة بروايات متنوعة أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من حفظ على أمتي أربعين حديثاً ..." واتفق الحفاظ على أنهُ حديث ضعيف إلخ.

وقد اتفق العلماء على جواز العمل بالحديث الضعيف في فضائل الأعمال وقال الحافظ ابن حجر في التلخيص: روي من ثلاثة عشر من الصحابة رضي الله عنهم. كذا في مقدمة لامع الدراري شرح البخاري ص ١٥٤.

اس ذیل میں خیال آیا کہ پوری چالیس حدیثیں کردی جائیں تا کہ اس کے یاد کرنے والے چہل حدیث کے عظیم الشان ثواب کے بھی مستحق ہو جائیں اور شاید ان کی برکت سے یہ سراپا گنہگار بھی ان بزرگوں کے خدّام میں شمار ہو جائے۔

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ

تنبیہ:

۱۔ یہ احادیث سب نہایت صحیح اور قوی، بخاری و مسلم کی حدیثیں ہیں۔

۲۔ چونکہ آج کل عام طور پر مسلمانوں کی اخلاقی حالت زیادہ تباہ ہوتی جارہی ہے اور بچپن میں تعلیمِ اخلاق مؤثر بھی زیادہ ہوتی ہے، اس لئے اکثر احادیث وہی درج کی ہیں جو اعلیٰ اخلاق اور تہذیب وتمدن کے زرّیں اصول ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

١ـ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ. [بخاری ومسلم]

سارے عمل نیت سے ہیں۔[1]

٢ـ حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ: رَدُّ السَّلَامِ، وَعِيَادَةُ الْمَرِيْضِ، وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ، وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِيْتُ الْعَاطِسِ.

[بخاری ومسلم، ترغیب]

مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں: سلام کا جواب دینا، مریض کی مزاج پرسی کرنا، جنازہ کے ساتھ جانا، اس کی دعوت قبول کرنا، چھینک کا جواب يَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ کردینا۔

٣ـ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ. [بخاری ومسلم]

اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہ کرے۔

٤ـ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ.

[بخاری ومسلم]

چغل خور جنّت میں نہ جائے گا۔

٥ـ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ.

[بخاری ومسلم]

رشتہ قطع کرنے والا جنّت میں نہ جائے گا۔

٦ـ اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

[بخاری ومسلم]

ظلم قیامت کے روز اندھیروں کی صورت میں ہوگا۔

٧ـ مَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْإِزَارِ فِي النَّارِ. [بخاری ومسلم]

ٹخنوں کا جو حصّہ پائجامہ کے نیچے رہے گا وہ جہنّم میں جائے گا۔

---

[1] یعنی اچھی نیت سے اچھے اور بُری نیت سے بُرے ہوجاتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ٨۔ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ. [بخاری ومسلم] | مسلمان تو وہی ہے جس کی زبان اور ہاتھ کی ایذا سے مسلمان محفوظ رہیں۔ |
| ٩۔ مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ كُلَّهٗ. [مسلم] | جو شخص نرم عادت سے محروم رہا وہ ساری بھلائی سے محروم رہا۔ |
| ١٠۔ لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ، إِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِي يَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ. [بخاری ومسلم] | پہلوان وہ شخص نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان وہی شخص ہے جو غصّہ کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔ |
| ١١۔ إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ. [بخاری ومسلم] | جب تم حیا نہ کرو تو جو چاہے کرو۔[1] |
| ١٢۔ أَحَبُّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ أَدْوَمُهَا وَإِنْ قَلَّ. [بخاری ومسلم] | اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب عملوں میں وہ زیادہ محبوب ہے جو دائمی ہو، اگرچہ تھوڑا ہو۔ |
| ١٣۔ لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ أَوْ تَصَاوِيْرُ. [بخاری ومسلم] | اس گھر میں (رحمت کے) فرشتے نہیں آتے جس میں کُتّا یا تصویریں ہوں۔ |
| ١٤۔ إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا. [بخاری ومسلم] | تم میں سے وہ شخص میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے جو زیادہ خلیق ہو۔ |
| ١٥۔ اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ. [بخاری ومسلم] | دنیا مسلمان کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنّت ہے۔ |

[1] یعنی جب حیا ہی نہیں تو ساری برائیاں برابر ہیں۔

۱۶۔ لَا يَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ. [بخاری ومسلم]
مسلمان کے لئے حلال نہیں کہ تین دن سے زیادہ اپنے مسلمان بھائی سے قطع تعلّق رکھے۔

۱۷۔ لَا يُلْدَغُ الْمَرْءُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ. [بخاری ومسلم]
انسان کو ایک ہی سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جا سکتا۔[1]

۱۸۔ اَلْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ. [بخاری ومسلم]
حقیقی غنا دل کا غنا ہوتا ہے۔

۱۹۔ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ. [بخاری]
دنیا میں ایسے رہو جیسے کوئی مسافر یا رہگزر رہتا ہے۔[2]

۲۰۔ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ. [مسلم، مشکوٰۃ]
انسان کے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ جو بات سنے (بغیر تحقیق کے) لوگوں سے بیان کرنا شروع کردے۔

۲۱۔ عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيْهِ. [بخاری ومسلم]
آدمی کا چچا اس کے باپ کے مانند ہے۔

۲۲۔ مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. [بخاری ومسلم]
جو کسی مسلمان کے عیب چھپائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کے عیب چھپائے گا۔

---

[1] یعنی جس سے ایک مرتبہ نقصان پہنچتا ہے پھر دوبارہ اسکے پاس نہیں جاتا۔ [2] یعنی زیادہ ٹھاٹھ نہ بناؤ۔

| | |
|---|---|
| ۲۳۔ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ، وَرُزِقَ كَفَافًا وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا آتَاهُ. [مسلم] | وہ شخص کامیاب ہے جو اسلام لایا، اور جس کو بقدرِ کفایت رزق مل گیا، اور اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی روزی پر قناعت دے دی۔ |
| ۲٤۔ أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْمُصَوِّرُوْنَ. [بخاری ومسلم] | سب سے سخت عذاب میں قیامت کے روز تصویر بنانے والے ہوں گے۔ |
| ۲۵۔ اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ. [مسلم] | مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے۔ |
| ۲٦۔ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ. [بخاری ومسلم] | کوئی بندہ اس وقت تک پورا مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک کہ اپنے بھائی کے لئے وہی پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ |
| ۲۷۔ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ. [مسلم] | وہ شخص جنّت میں نہ جائے گا جس کا پڑوسی اس کی ایذاؤں سے محفوظ نہ رہے۔ |
| ۲۸۔ أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ. [بخاری ومسلم] | میں آخری پیغمبر [صلی اللہ علیہ وسلم] ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ |
| ۲۹۔ لَا تَقَاطَعُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا، وَلَا تَبَاغَضُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا. وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا. [بخاری] | آپس میں قطع تعلّق نہ کرو، اور ایک دوسرے کے درپے نہ ہو، اور آپس میں بغض نہ رکھو، اور حسد نہ رکھو۔ اور اے اللہ کے بندو! سب بھائی ہوکر رہو۔ |

۳۰۔ إِنَّ الْإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ وَإِنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهَا وَإِنَّ الْحَجَّ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ.

[مسلم، مشکوٰۃ]

اسلام تمام گناہوں کو ڈھا دیتا ہے جو پہلے کئے تھے، اور ہجرت اور حج ان تمام گناہوں کو ڈھا دیتے ہیں جو اس سے پہلے کئے تھے۔

۳۱۔ اَلْكَبَائِرُ الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ.

[بخاری و مسلم، از مشکوٰۃ]

کبیرہ گناہ: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک انا، اور والدین کی نافرمانی کرنا، اور کسی کو بے گناہ قتل کرنا، اور جھوٹی شہادت دینا ہیں۔

۳۲۔ مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُؤْمِنٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ. وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ.

[مسلم، از مشکوٰۃ]

جو شخص کسی مسلمان کو دنیاوی مصیبت سے چھڑائے گا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کی مصیبتوں سے چھڑائے گا۔

اور جو شخص کسی مفلس غریب پر (معاملہ میں) آسانی کریگا اللہ تعالیٰ اس پر دنیا وآخرت میں آسانی کریگا۔ اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی کرے گا۔ اور جب تک بندہ اپنے مسلمان بھائی کی مدد میں لگا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مدد میں لگا رہتا ہے۔

۳۳۔ كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ. [مسلم]
ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔

۳٤۔ أَبْغَضُ الرِّجَالِ عِنْدَ اللّٰهِ الْأَلَدُّ الْخَصِمُ. [بخاری ومسلم]
اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض جھگڑالو آدمی ہے۔

۳٥۔ اَلطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ. [مسلم]
پاک رہنا آدھا ایمان ہے۔

۳٦۔ أَحَبُّ الْبِلَادِ إِلَى اللّٰهِ مَسَاجِدُهَا. [مسلم]
اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب جگہ مسجدیں ہیں۔

۳۷۔ لَا تَتَّخِذُوا الْقُبُورَ مَسَاجِدَ. [مسلم]
قبروں کو سجدہ گاہ نہ بناؤ۔

۳۸۔ لَتُسَوُّنَّ صُفُوفَكُمْ أَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوهِكُمْ. [مسلم]
نماز میں اپنی صفوں کو سیدھا کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے قلوب میں اختلاف ڈال دے گا۔

۳۹۔ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا. [مسلم]
جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتا ہے۔

٤۰۔ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ. [بخاری ومسلم]
سب اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔

......☆......☆......☆......

# چہل ادعیہ مسنونہ

## صبح کو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ.

اے اللہ! تیری ہی قدرت سے ہم صبح کے وقت میں داخل ہوئے، اور تیری ہی قدرت سے ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے، اور تیری ہی قدرت سے ہم جیتے اور مرتے ہیں، اور تیری ہی طرف جانا ہے۔ (ترمذی:۳۳۹۱)

## سورج نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا.

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے آج ہمیں معاف رکھا اور گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہ فرمایا۔ (مسلم:۱۹۱۱)

## شام کو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ.

اے اللہ! ہم تیری ہی قدرت سے شام کے وقت میں داخل ہوئے، اور تیری ہی قدرت سے صبح کے وقت میں داخل ہوئے، اور تیری ہی قدرت سے جیتے اور مرتے ہیں، اور مرے پیچھے جی اٹھ کر تیری ہی طرف جانا ہے۔ (ترمذی:۳۳۹۱)

## صبح اور شام کی ایک خاص دعا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو بندہ ہر

صبح وشام تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ لیا کرے تو اسے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائے گی۔ دوسری روایت میں ہے کہ اسے کوئی ناگہانی بلا نہ پہنچے گی۔ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

اللہ کے نام سے (ہم نے صبح کی یا شام کی) جس کے نام کے ساتھ آسمان یا زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی، اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔ (ترمذی:۳۳۸۸)

## سوتے وقت پڑھنے کی چیزیں

جب سونے کا ارادہ کرے تو وضو کر لیوے اور اپنا بستر جھاڑ لیوے، پھر داہنی کروٹ پر لیٹ کر سر کے نیچے داہنا ہاتھ رکھ کر تین بار یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ۔

اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچائیو جس روز تو اپنے بندوں کو جمع فرمائیگا۔ (ابوداؤد:۵۰۴۵)

## یا یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا۔ اے اللہ! میں تیرا ہی نام لے کر مرتا اور جیتا ہوں۔ (بخاری:۶۳۱۴)

اور سوتے وقت یہ بھی پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰهِ ۳۳ بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ بار، اَللّٰهُ اَکْبَرُ ۳۴ بار۔ (بخاری:۶۳۱۸)

## جب سو کر اٹھے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا سب تعریفیں خدا ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں

بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ. موت دے کر زندگی بخشی، اور ہم کو اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔ (بخاری:۶۳۱۴)

## جب بیت الخلا جائے تو داخل ہونے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ کہے اور یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ. اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنّوں سے مرد ہوں یا عورت۔ (بخاری: ۶۳۲۲)

## اور جب بیت الخلا سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ. سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیز دور کی اور مجھے چین دیا۔ (ابن ماجہ:۳۰۱)

## جب وضو کرنا شروع کرے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ (ابوداؤد:۱۰۱)

## جب وضو کر چکے تو یہ دعا پڑھے

اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ تنہا ہے اسکا کوئی شریک نہیں ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔اے اللہ! مجھے بہت توبہ

وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ. کرنے والوں میں اور خوب پاک رہنے والوں میں شامل فرمادے۔ (ترمذی:۵۵)

## جب مسجد میں داخل ہوتو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ. اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھولدے۔ (مسلم: ۱۶۵۲)

## مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ. اللہ پاک ہے، اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ (الاذکار للنووی: ص ۷۷)

## جب مسجد سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ. اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (مسلم: ۱۶۵۲)

## جب اذان کی آواز سنے

تو جو مؤذن کہتا جائے وہی کہے اور حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ، حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ کہے۔ (بخاری: ۶۱۱، ۶۱۳)

## اور اذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِیْلَةَ اے اللہ! اس پوری پکار کے رب! اور قائم ہونے والی نماز کے رب! محمد ﷺ کو وسیلہ (جو جنت کا ایک درجہ ہے) عطا فرما، اور ان کو

وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَاتُخْلِفُ الْمِيْعَادَ.(۱)

فضیلت عطا فرما، اور ان کو اس مقامِ محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے، بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے۔ (بخاری: ۶۱۴، سنن بیہقی: ۱۹۳۳)

## فرض نماز کا سلام پھیر کر سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْهَمَّ وَالْحَزَنَ.(۱)

میں نے اللہ کے نام کے ساتھ (نماز ختم کی) جس کے سوا کوئی معبود نہیں (اور) جو رحمٰن ورحیم ہے، اے اللہ! تو مجھ سے فکر ورنج کو دور کردے۔ (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد: ۱۶۹۷۱)

## پھر تین بار اَسْتَغْفِرُاللّٰهَ کہے اور یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

اے اللہ! تو سلامت رہنے والا ہے، اور تجھ ہی سے سلامتی مل سکتی ہے، تو بابرکت ہے اے بزرگی اور عظمت والے! (نسائی: ۱۷۵۳)

## نمازِ وتر پڑھ کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ.

میں پاکی بیان کرتا ہوں بادشاہ یعنی اللہ کی جو بہت زیادہ پاک ہے۔ (ابوداؤد: ۱۴۳۰)

تیسری بار بآوازِ بلند کہے اور اَلْقُدُّوْسِ کی دال کو خوب کھینچے۔

---

(۱) دعا کے یہی الفاظ حدیث کی کتابوں میں ملتے ہیں، اس دعا میں کچھ الفاظ لوگوں میں بڑھے ہوئے مشہور ہیں۔

## نمازِ فجر اور مغرب کے بعد

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے اگر سات مرتبہ تم نے

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ. (۱) اے اللہ مجھے دوزخ سے محفوظ فرمادے۔
(ابوداؤد:۵۰۷۹)

پڑھ لیا تو اس دن یا اس رات میں مرجاؤ گے تو تمہاری دوزخ سے ضرور خلاصی ہوگی۔

## جب گھر سے نکلے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

میں اللہ ہی کا نام لیکر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا گناہوں سے پھرنے اور عبادت کرنے کی طاقت اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ (ترمذی:۳۴۲۶)

## گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا.

اے اللہ! میں تجھ سے اچھا داخل ہونا اور اچھا نکلنا مانگتا ہوں۔ ہم اللہ کا نام لے کر داخل ہوئے، اور اللہ کا نام لے کر نکلے، اور ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔
(ابوداؤد:۵۰۹۶)

اس کے بعد گھر والوں کو سلام کرے۔

## جب بازار میں جائے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ

میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا، اے اللہ! میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس

(۱) دعا کے یہی الفاظ حدیث کی کتابوں میں ملتے ہیں، اس دعا میں کچھ الفاظ لوگوں میں بڑھے ہوئے مشہور ہیں۔

خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً.

کی خیر طلب کرتا ہوں۔اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں ٹوٹا (نقصان) اٹھاؤں۔

(مستدرک حاکم:۱۹۷۷)

## جب کھانا شروع کرے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ وَبَرَكَةِ اللّٰهِ.

میں نے اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت سے کھانا شروع کیا۔ (مستدرک حاکم:۷۰۸۴)

## شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ کہنا بھول گیا، تو یاد آنے پر یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ.

میں نے اس کے اول و آخر میں اللہ کا نام لیا۔

(مستدرک حاکم:۷۰۸۹)

حدیث شریف میں ہے کہ جس کھانے پر بِسْمِ اللّٰهِ نہ پڑھی جائے شیطان کو اس میں ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے۔ (مسلم:۵۲۵۹)

## جب کھانا کھا چکے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ.

سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا۔

(ترمذی:۳۴۵۷)

## دودھ پی کر یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَزِدْنَا مِنْهُ. اے اللہ! تو اس میں ہمارے لئے برکت دے اور یہ ہم کو اور زیادہ نصیب فرما۔ (ترمذی:۳۴۵۵)

## جب کسی کے یہاں دعوت کھائے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ. اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔ (مسلم:۵۳۶۲)

## جب میزبان کے گھر سے چلنے لگے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ. اے اللہ! ان کے رزق میں برکت دے، اور ان کو بخش دے، اور ان پر رحم فرما۔ (ابوداؤد:۳۷۲۹)

## جب روزہ افطار کرے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ. اے اللہ! میں نے تیرے ہی لئے روزہ رکھا، اور تیرے ہی دیے ہوئے رزق سے روزہ کھولا۔ (ابوداؤد:۲۳۵۸)

## افطار کے بعد یہ دعا پڑھے

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ. پیاس چلی گئی اور رگیں تر ہو گئیں، اور ان شاء اللہ (تعالیٰ) ثواب ثابت ہو چکا۔

(ابوداؤد:۲۳۵۷)

## اگر کسی کے یہاں افطار کرے تو یہ دعا پڑھے

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں، اور
وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ نیک بندے تمہارا کھانا کھائیں، اور فرشتے
وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ. تم پر رحمت بھیجیں۔ (ابوداؤد: ۳۸۵۴)

## جب کپڑا پہنے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ سب تعریف اللہ ہی کے لئے ہے جس نے
هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ مجھے یہ کپڑا پہنایا، اور نصیب کیا بغیر میری
غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ. کوشش اور قوت کے۔ (ابوداؤد: ۴۰۲۳)

## جب نیا کپڑا پہنے تو یہ کہے

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ.

اے اللہ! تیرے ہی لئے سب تعریف ہے، تُو نے ہی یہ کپڑا مجھے پہنایا، میں تجھ سے اس کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے اور میں تجھ سے اس کی بُرائی اور اس چیز کی بُرائی سے پناہ چاہتا ہوں جس کے لئے یہ بنایا گیا ہے۔ (ترمذی: ۱۷۶۷)

## جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، اے اللہ!

خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ. جیسے تُو نے میری صورت اچھی بنائی ہے میرے اخلاق بھی اچھے کردے۔
(عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی:۱۶۳)

## دولھا کو ان الفاظ سے مبارکباد دے

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ. اللہ تجھے برکت دیوے، اور تجھ پر برکت نازل کرے، اور تم دونوں کا خوب نباہ کرے۔
(ترمذی:۱۰۹۱)

## شبِ قدر میں یوں دعا مانگے

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ. اے اللہ! تُو معاف فرمانے والا ہے، معافی کو پسند فرماتا ہے لہذا مجھے معاف فرمادے۔
(ترمذی:۳۵۱۳)

## جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ. اے اللہ! تُو ہمارے اوپر برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ اسے نکالا رکھ۔ (اے چاند!) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔
(ترمذی:۳۴۵۱)

## کسی مسلمان کو ہنستا دیکھے تو یوں دعا دے

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ. اللہ تجھے ہنساتا رہے۔ (بخاری:۳۶۸۳)

## کسی مریض مسلمان کی عیادت کو جائے تو یوں تسلی دے

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ. کچھ ڈر نہیں، ان شاء اللہ یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔ (بخاری:۳۶۱۶)

## جب سواری پر بیٹھ جائے تو یہ دعا پڑھے

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ. وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ.

اللہ پاک ہے جس نے اس کو ہمارے قبضے میں دے دیا، اور ہم اس کی قدرت کے بغیر اسے قبضے میں کرنے والے نہ تھے، اور بلاشبہ ہم کو اپنے رب کی طرف ضرور جانا ہے۔ (الزخرف:۱۳،۱۴)

## کسی منزل (ریلوے اسٹیشن، بس اسٹاپ) پر اترے تو یہ دعا پڑھے

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ.

اللہ کے پورے کلموں کے واسطے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس کی مخلوق کے شر سے۔ (ترمذی:۳۴۳۷)

## جب قبرستان میں جائے تو یہ دعا پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْقُبُوْرِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ.

اے قبروں والو! تم پر سلام ہو۔ اللہ ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے، تم ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم بعد میں آنے والے ہیں۔ (ترمذی:۱۰۵۳)

## تَمَّتْ بِالْخَيْرِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

# نماز پڑھنے کی مکمل ترتیب

تکبیر: اَللّٰہُ اَکۡبَرُ۔ ثناء: سُبۡحَانَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِكَ وَتَبَارَكَ اسۡمُكَ
وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيۡرُكَ۔ تعوّذ: اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ۔
تسمیہ: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ سورۃ الفاتحہ: اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝١
الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ۝٤
اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ
الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۝٧ آمین سورۃ الاخلاص: قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۝٣ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤
تکبیر: اَللّٰہُ اَکۡبَرُ۔ رکوع کی تسبیح: سُبۡحَانَ رَبِّيَ الۡعَظِيۡمِ۔
رکوع سے اٹھنے کی تسمیع: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنۡ حَمِدَهٗ۔ قومہ کی تحمید: رَبَّنَا لَكَ الۡحَمۡدُ۔
تکبیر: اَللّٰہُ اَکۡبَرُ۔ سجدہ کی تسبیح: سُبۡحَانَ رَبِّيَ الۡاَعۡلٰی۔ تکبیر: اَللّٰہُ اَکۡبَرُ۔
التحیات: اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيۡكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ
رَحۡمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيۡنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيۡنَ اَشۡهَدُ اَنۡ لَّآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ وَاَشۡهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبۡدُهٗ وَرَسُوۡلُهٗ۔ درود شریف: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِيۡمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِيۡمَ اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ۔
اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكۡتَ عَلٰٓی اِبۡرَاهِيۡمَ وَعَلٰٓی اٰلِ
اِبۡرَاهِيۡمَ اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ۔ دعا: رَبِّ اجۡعَلۡنِيۡ مُقِيۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّيَّتِيۡ ۖ رَبَّنَا
وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِيۡ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ يَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡحِسَابُ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَةُ اللّٰهِ

# ایمان مفصل، ایمان مجمل، شش کلمے

ایمانِ مفصّل: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔ ایمانِ مجمل: اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ۔ اوّل کلمۂ طیّب: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ دوم کلمۂ شہادت: اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ سوم کلمۂ تمجید: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ چہارم کلمۂ توحید: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ پنجم کلمۂ استغفار: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ ششم کلمۂ ردِّ کفر: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِيْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

## طبع شدہ رنگین مجلد

| | |
|---|---|
| تفسیر عثمانی (۲ جلد) | حصن حصین |
| خطبات الاحکام لجمعات العام | تعلیم الاسلام (مکمل) |
| الحزب الاعظم (مہینے کی ترتیب پر) | خصائل نبوی شرح شمائل ترمذی |
| الحزب الاعظم (ہفتے کی ترتیب پر) | بہشتی زیور (تین حصے) |
| لسان القرآن (اول، دوم، سوم) | بہشتی زیور (مکمل) |
| فضائل حج | معلم الحجاج |

## رنگین کارڈ کور

| | |
|---|---|
| حیات المسلمین | آداب المعاشرت |
| تعلیم الدین | زاد السعید |
| جزاء الاعمال | روضۃ الادب |
| الحجامہ (پچھنا لگانا) (جدید ایڈیشن) | فضائل حج |
| الحزب الاعظم (مہینے کی ترتیب پر) (جیبی) | معین الفلسفہ |
| الحزب الاعظم (ہفتے کی ترتیب پر) (جیبی) | خیر الاصول فی حدیث الرسول |
| مفتاح لسان القرآن (اول، دوم، سوم) | معین الاصول |
| عربی زبان کا آسان قاعدہ | تیسیر المنطق |
| فارسی زبان کا آسان قاعدہ | فوائد مکیہ |
| تاریخ اسلام | بہشتی گوہر |
| علم الصرف (اولین، آخرین) | علم النحو |
| عربی صفوۃ المصادر | جمال القرآن |
| جوامع الکلم مع چہل ادعیہ مسنونہ | تسہیل المبتدی |
| عربی کا معلم (اوّل، دوم، سوم، چہارم) | تعلیم العقائد |
| نام حق | سیر الصحابیات |
| کریما | پند نامہ |
| آسان اُصول فقہ | صرف میر |
| تیسیر الابواب | نحو میر |
| فصول اکبری | میزان و منشعب |
| نماز مدلل | پنج سورۃ |
| عم پارہ | سورۃ یس |
| عم پارہ درسی | آسان نماز |
| نورانی قاعدہ (چھوٹا / بڑا) | منزل |
| تیسیر المبتدی | |

## کارڈ کور / مجلد

| | |
|---|---|
| اکرام مسلم | منتخب احادیث |
| مفتاح لسان القرآن (اول، دوم، سوم) | فضائل اعمال |

## المطبوعة ملونة مجلدة

| | |
|---|---|
| الصحيح لمسلم (٧مجلدات) | الموطأ للإمام محمد (مجلدين) |
| الهداية (٨مجلدات) | الموطأ للإمام مالك (٣مجلدات) |
| التبيان في علوم القرآن | مشكاة المصابيح (٤مجلدات) |
| شرح العقائد | تفسير البيضاوي |
| تفسير الجلالين (٣مجلدات) | تيسير مصطلح الحديث |
| مختصر المعاني (مجلدين) | المسند للإمام الأعظم |
| الهدية السعيدية | الحسامي |
| القطبي | نور الأنوار (مجلدين) |
| أصول الشاشي | كنز الدقائق (٣مجلدات) |
| شرح التهذيب | نفحة العرب |
| تعريب علم الصيغه | مختصر القدوري |
| البلاغة الواضحة | نور الإيضاح |
| ديوان المتنبي | ديوان الحماسة |
| المقامات الحريرية | النحو الواضح (ابتدائيه، ثانويه) |
| آثار السنن | |

## ملونة كرتون مقوي

| | |
|---|---|
| شرح عقود رسم المفتي | السراجي |
| متن العقيدة الطحاوية | الفوز الكبير |
| المرقاة | تلخيص المفتاح |
| زاد الطالبين | دروس البلاغة |
| عوامل النحو | الكافية |
| هداية النحو | تعليم المتعلم |
| إيساغوجي | مبادئ الأصول |
| شرح مائة عامل | مبادئ الفلسفة |
| متن الكافي مع مختصر الشافي | هداية الحكمت |
| هداية النحو (مع الخلاصة والتمارين) | شرح نخبة الفكر |
| المعلقات السبع | |

## ستطبع قريبا بعون الله تعالى

### ملونة مجلدة/ كرتون مقوي

| | |
|---|---|
| الصحيح للبخاري | الجامع للترمذي |
| شرح الجامي | مکمل قرآن مجید حافظی ۱۵ سطری |
| بیان القرآن (مکمل) | |

## Books in English

| | |
|---|---|
| Tafsir-e-Uthmani (Vol. 1, 2, 3) | Lisaan-ul-Quran (Vol. 1, 2, 3) |
| Key Lisaan-ul-Quran (Vol. 1, 2, 3) | Al-Hizbul Azam (Large) (H. Binding) |
| Al-Hizbul Azam (Small) C Cover) | |

## Other Languages

| | |
|---|---|
| Riyad Us Saliheen (Spanish) (H. Binding) | Fazail-e-Aamal (German) |
| Muntakhab Ahdees (German) (H. Binding) | |

## To be published Shortly Insha Allah

Al-Hizbul Azam (French) (Coloured)